© rasailojaraid.com

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے عربی میں قربات عند اللہ وصلوٰت الرسول کے نام سے ایک کتاب لکھی تھی جس میں قرآن مجید اور احادیث میں بیان کی ہوئی دعاؤں کا انتخاب مع شرح کے کیا اور مولانا دریابادی نے کئی سال ہوئے اسی کتاب کو اپنی شرح اور عام فہم وسلیس تحشیہ کے ساتھ شائع کیا تھا زیر تبصرہ کتاب اسی کا دوسرا اڈیشن ہے جو کتابت وطباعت کے اعتبار سے بہ نسبت پہلے اڈیشن کے زیادہ بہتر ہے کتاب کی نہ صرف افادیت بلکہ ضرورت و اہمیت میں کوئی کلام نہیں ہوسکتا۔ کون سا مسلمان ہے جو کسی وقت اور کسی حالت میں بھی بارگاہِ خداوندی میں دعا کرنے کی ضرورت محسوس نہ کرتا ہو لیکن موقع کے مناسب دعا معلوم نہ ہونے کے باعث اس دعا پر وہ ثمرہ مرتب نہیں ہوتا جو ہونا چاہیئے۔ اس کتاب سے یہ کمی پوری ہوجائے گی دعاؤں کی ترتیب ہفتہ کے دنوں کے اعتبار سے ہے آخر میں ایک ضمیمہ ہے جس میں مثنوی مولانا رومی سے انتخاب کرکے دعائیں منزل وار لکھی گئی ہیں ہر مسلمان مرد اور عورت کو اس سے فائدہ اٹھانا چاہیئے۔

معلم الانشاء الجزء الثالث از مولانا محمد الرابع الندوی تقطیع خورد ضخامت ۲۱۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت عہ پتہ:۔ مکتبۂ دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ۔

معلم الانشاء جس کے حصہ اول و دوم پر پہلے تبصرہ ہوچکا ہے یہ اسی کا تیسرا حصہ ہے اس میں انشاء یعنی مقالہ نگاری یا مضمون نویسی اور ترجمہ کے اصول و قواعد بتاکر ان کی مشق و تمرین کرائی گئی ہے۔ اگرچہ یہ ظاہر ہے کہ مقالہ نگاری کی استعداد و صلاحیت ایک خداداد وصف ہے اور اس بناء پر اس میں کامیابی کا انحصار اصول و قواعد کی تعلیم اور ان کی پابندی سے کہیں زیادہ حسنِ ذوق، اور فطری مناسبتِ طبع پر ہے تاہم انشاء کے حسن و قبح کو جانچنے اور اس کی قدریں متعین کرنے کے لئے اصول ضروری ہیں۔ چنانچہ اس کتاب میں بھی پہلے مختلف عنوانات کے ماتحت ایک مقالہ کے اجزاء ترکیبی اور پھر ہر جزء کے لوازم و مقتضیات پر کلام کیا گیا ہے اور اس کو مثالوں سے واضح کیا گیا ہے۔ اس کے بعد تمرینات ہیں جو بالعموم مصر کی کتب متداولہ یا اخبارات و رسائل سے

© rasailojaraid.com